**26-12-2024**

**2115 Hrs**

**HL-Opening**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں شمیم احمد

**Music**

..................................................................................

☆ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نوجوانوں کی بااختیاری کو سرکاری پالیسی میں سب سے زیادہ توجہ دی جاتی ہے۔

☆ وقف ترمیمی بل سے متعلق پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی نے کرناٹک، راجستھان اور مدھیہ پردیش کے اقلیتی امور کے محکموں کے پرنسپل سکریٹریوں اور محصولات کے سکریٹریوں کے ساتھ میٹنگ کی۔

☆ انسانی حقوق کے قومی کمیشن نے کیرالہ کے تھیروونتاپورم ضلعے کے مضافات میں قبائلی افراد کے مابین خودکشی کے واقعات میں مبینہ اضافے کا اپنے طور پر نوٹس لیا ہے۔

☆ محکمۂ موسمیات نے اگلے دو دن میں شمال مغربی اور وسطی بھارت کے کئی مقامات پر اولے گرنے اور بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

☆ اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے نینی تال ضلعے کے ہلدوانی سے 38ویں نیشنل گیمس کے مشعل بردار جلوس کا افتتاح کیا۔

☆ اور ہاکی انڈیا لیگ کا 2024-25 کا ایڈیشن کل سے راؤڑکیلا میں شروع ہو رہا ہے۔

..................................................................................

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے

## PM BALL DIVAS

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پالیسی کے اعتبار سے ان کی حکومت کی سب سے زیادہ توجہ نوجوانوں کو

بااختیار بنانے میں ہے۔ نئی دلی کے بھارت منڈپم میں آج ویر بال دِوس سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ نوجوانوں کی قوت کی وجہ سے دنیا بھارت کی طرف امید اور توقعات کے ساتھ دیکھ رہی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ تمام پالیسیاں، خواہ وہ اسٹارٹ اپ ایکوسسٹم ہو، خلائی معیشت ہو، کھیل کود، مینوفیکچرنگ کی صنعت، مہارتوں کی نشوونما ہو یا پھر انٹرن شپ اسکیم سبھی نوجوان مرکوز ہیں اور ان کا مقصد نوجوانوں کو فائدہ پہنچانا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ آج اسٹارٹ اپ سے سائنس تک، کھیلوں سے آنتر پرینیورشپ تک نوجوانوں کی طاقت کی نئے انقلابات لا رہی ہے۔

S/B- PM Atal Tinkering

وزیراعظم نے کہا کہ ملک کی جمہوریت کی وسعت گروؤں کی تعلیمات، صاحبزادوں کی قربانی اور قومی اتحاد کے منتر کا احاطہ کرتی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ صاحبزادوں کی زندگی لوگوں کو سکھاتی ہے کہ وہ ملک کی سالمیت اور نظریات کے ساتھ کوئی سمجھوتہ نہ کریں۔ جناب مودی نے کہا کہ صاحبزادوں نے اپنی زندگی قربان کرنا پسند کیا لیکن اپنے عقیدے کی راہ سے ذرا بھی ہٹنے کو تیارنہیں ہوئے۔ وزیراعظم نے زور دے کر کہا کہ ویر بال دِوس ہمیں سکھاتا ہے کہ قوم اور اور قومی مفاد سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں ہے۔

وزیراعظم نریندر مودی نے پرزور طریقے سے کہا کہ وہ ایک لاکھ ایسے نوجوانوں کو سیاست میں لانا چاہتے ہیں، جن کے خاندان کبھی سرگرم سیاست میں شامل نہیں تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ یہ قدم اگلے 25 برسوں کے لیے بیحد اہم ہے۔

انہوں نے نوجوانوں کو ترغیب دی کہ وہ نئی نسل کو سیاست میں لانے کی اِس مہم کا حصہ بنیں۔ جناب مودی اعلان کیا کہ سوامی وویکانند کی سالگرہ کے موقعے پر اگلے برس کے آغاز میں وِکست بھارت- ینگ لیڈر ڈائیلاگ منعقد کیا جائے گا۔

S/B - 2100 PM Young Leaders Dialogue

## PRESIDENT BAAL PRUSKAR

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلی میں آج سات زمروں میں 17 بچوں کو ان کی غیرمعمولی حصولیابیوں کے لیے پردھان منتری راشٹریہ بال پرسکار سے نوازا۔ 14 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھنے والے اِن بچوں کو آرٹ اور کلچر، بہادری، اختراعات، سائنس اور ٹکنالوجی، سماجی خدمات، کھیل ، کود اور ماحولیات کے شعبے میں اُن کی باکمال حصولیابیوں کے اعتراف میں ایوارڈ دیا گیا ہے۔ اِس موقعے پر ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے صدر مرمو نے کہا کہ ایسے باصلاحیت لڑکے اور لڑکیاں ترقی یافتہ بھارت کے معمار بنیں گے۔

SB - 2100 Prez Bal Puruskar

صدر جمہوریہ نے ویر بال دوس کے موقعے پر صاحبزادوں کی بہادری اور قربانی کے تئیں خراج عقیدت پیش کیا۔ انہوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ ہر سال یہ دن سِکھوں کے دسویں گرو، گرو گووند سنگھ کے چھوٹے بیٹوں کی بے مثال قربانی اور حوصلے کے اعزاز میں منایا جاتا ہے۔x

## JPC WAQF

وقف (ترمیمی) بل 2024 پر پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی نے آج کرناٹک، راجستھان اور مدھیہ پردیش کے اقلیتی امور کے محکمے کے پرنسپل سکریٹریز اور ریونیو سکریٹریز کے ساتھ ایک میٹنگ منعقد کی۔ میٹنگ کے دوران کمیٹی نے ان ریاستوں میں وقف کی رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ املاک اور ان کی موجودہ صورتحال کو جاننے کی کوشش کی۔ میٹنگ ک بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے کمیٹی کے چیئرپرسن جگدمبیکا پال نے کہا کہ کمیٹی، دیگر تنظیموں اور ریاستی حکومتوں کے افسران سے بھی بات کرے گی اور یہ کمیٹی مغربی بنگال، بہار اور اترپردیش جائے گی۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ کمیٹی نے کولکاتہ، پٹنہ اورلکھنؤ سمیت مختلف مقامات کے تقریباً 20 دورے کیے ہیں اور اب ممبران، جموں وکشمیر کا دورہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تاکہ وہاں سبھی طرفین سے بات چیت کرسکیں۔

S/B: Jagdambika Pal

وقف ترمیمی بل 2024 کا مقصد اہم اصلاحات کو بروئے کار لانا ہے، جن میں ریکارڈ کو ڈیجیٹائز کرنے، پوری چابکدستی کے آڈٹ کرنا، زیادہ سے زیادہ شفافیت لانا اور غیر قانونی طور پر قبضے والی وقف املاک کو دوبارہ اپنے قبضے میں لینے کیلئے قانونی نظام بنانا شامل ہیں۔ اس بل کا مقصد ملک بھر میں وقف املاک کے انتظام اور انضباط میں اصلاح ہے۔x

## PM PRAGATI

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج پرگتی کے 45 ویں ایڈیشن کی صدارت کی۔ پرگتی، اطلاعات و مواصلات کی تکنیک پر مبنی، سرگرم حکمرانی اور بروقت عمل آوری کا ایک ملٹی Modal پلیٹ فارم ہے، جس میں مرکزی اور ریاستی سرکاریں شامل ہیں۔ میٹنگ کے دوران جناب مودی نے شہری آمد و رفت کے 6 میٹرو پروجیکٹوں اور سڑک رابطے اور تھرمل بجلی سے متعلق ایک ایک پروجیکٹ سمیت کُل 8 پروجیکٹوں کا جائزہ لیا۔ یہ پروجیکٹ، ایک لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کی مالیت کیے ہیں اور یہ کئی ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے تعلق رکھتے ہیں۔

جائزے کے دوران وزیر اعظم نے پروجیکٹوں کی عمل آوری کے تعلق سے متاثرہ خاندانوں کی بروقت

بازآبادکاری اور پھر سے بسائے جانے کی اہمیت پر زور دیا۔

جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ ایسے خاندانوں کو نئے مقامات پر معیاری سہولیات فراہم کرکے اُن کے طرز زندگی میں آسانی کو یقینی بنایا جائے۔ x

## PM SVAMITVA

وزیراعظم نریندر مودی کل دوپہر کو ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے 58 لاکھ سوامتوا ملکیت کے کارڈ تقسیم کریں گے۔ بھارت کی دیہی بااختیاری اور حکمرانی کے سفر میں ایک اہم ترین سنگ میل کی حیثیت رکھنے والی اِس تقریب میں دس ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں جموں و کشمیر اور لداخ کے تقریباً پچاس ہزار گاؤں میں سوامتوا پراپرٹی کارڈ تقسیم کیے جائیں گے۔ یہ تقریب اس اعتبار سے بھی ایک بڑا سنگ میل ہے کہ اِس کے بعد سوامتوا اسکیم کے تحت پراپرٹی کارڈ کی تیاری اور تقسیم کی تعداد دو کروڑ سے تجاوز کر جائے گی۔ نیز ایک ہی دن میں 58 لاکھ سے زیادہ ملکیت کے کارڈ تقسیم کیے جائیں گے۔وزیراعظم اِس تقریب کے دوران منتخب فیض یاب ہونے والے افراد سے خطاب کریں گے اور ان سے بات چیت بھی کریں گے۔x

## NHRC TRIBALS

انسانی حقوق کے قومی کمیشن نے کیرالہ کے تھرووننتپورم کے مضافات میں آباد قبائلی لوگوں میں خودکشی کے معاملات اضافہ کی اطلاع ملنے پر ازخود نوٹس لیا ہے، دیہاں سال 2024 میں ہی 23 اموات درج کی گئی ہیں۔کمیشن نے چیف سکریٹری اور کیرالہ کے ڈائریکٹر جنرل اا‌ف پولیس کو نوٹس جاری کیا اور دو ہفتوں کے اندر تفصیلی رپورٹ پیش کرنے کو کہا ہے۔

رپورٹ کے مطابق سال 2011 سے 2022 کے درمیان خودکشی کے 138 معاملے ہوئے جن میں سے زیادہ تر ضلع کے Perringanmala علاقے میں پیش آئے۔

NHRC نے اس بات کی نشاندہی کی کہ دو سال تک حالات پرسکون رہنے کے بعد خودکشی کا یہ سلسلہ دوبارہ شروع ہوگیا۔

کمیشن نے یہ مشاہدہ کیا کہ میڈیا رپورٹس کے مواد میں اگر سچائی ہے تو اس سے یہ اشارہ ملتا ہے کہ کیرالہ کے مخصوص خطہ میں رہنے والے درج فہرست قبائل سے تعلق رکھنے والے لوگ سماجی، اقتصادی اور ثقافتی حقوق سے متعلق زندگی کے حق سے ایک سنگین مسئلے سے دوچار ہیں۔

NHRC نے کہا کہ معاشرے کے کمزور طبقے سے تعلق رکھنے والے نوجوانوں کی خودکشی انسانی حقوق کی خلاف

ورزی سے متعلق ایک مسئلہ ہے جس پر سرکاری اداروں کی فوری توجہ کی ضرورت ہے۔ کمیشن نے کہا کہ ریاست پر شہری کی حفاظت کو یقینی بنانے کی پابند ہے۔x

## JITENDRA SINGH INCOLS

مرکزی وزیر مملکت (آزادانہ چارج) برائے سائنس و ٹیکنالوجی اور ارضیاتی سائنس، ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے آج کہا ہے کہ ملک، آفات کی صورتحال میں ایک عالمی رہنما کے طور پر ابھرا ہے اور دیگر ممالک کی مدد بھی کر رہا ہے۔

وزیر موصوف، آج حیدرآباد میں سمندر سے متعلق معلومات کی خدمات کے بھاری قومی مرکز، انڈین نیشنل سینٹر فار اوشین انفارمیشن سروسز (INCOIS) 2024 میں بحرِ ہند کے سونامی کی 20 ویں سالگرہ کے موقع پر یادگاری تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے ''Deep Sea Mission'' سمیت سمندر کے سلسلے میں شروع کی گئی اہم اسکیموں کی ستائش کی۔ انہوں نے سمندری تحقیق اور آفات سے نمٹنے کی تیاری میں بھارت کی زبردست پیش رفت پر بھی روشنی ڈالی۔

وزیر موصوف نے حفاظت اور پائیداریت کو فروغ دینے میں سائنسی ترقی کے اہم کردار پر بھی زور دیا۔ x

## ECI REPORT

الیکشن کمیشن نے آج کہا کہ 2024 کے لوک سبھا انتخابات میں 64 اعشاریہ چھ-چار کروڑ ووٹ ڈالے گئے اور 65 اعشاریہ سات-آٹھ فیصد ووٹوں کے ساتھ خواتین کی شراکت داری بہتر رہی۔ اعداد و شمار کا ذکر، کمیشن کی جانب سے جاری کردہ 42 شماریاتی رپورٹ کے ایک جامع سَیٹ میں کہا گیا تھا۔ کمیشن نے آندھرا پردیش، اروناچل پردیش، اڈیشہ اور سکّم میں ہونے والے اسمبلی انتخابات کیلئے 14 شماریاتی رپورٹیں بھی جاری کیں۔

2024 کی لوک سبھا رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ اس سال تیسرے جنس کے درج شدہ ووٹ دہندگان کی تعداد میں 23 اعشاریہ پانچ فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ تیسرے جنس کے ووٹ دہندگان کی تعداد 2019 کے 14 اعشاریہ چھ-چار فیصد سے بڑھ کر 2024 میں 27 اعشاریہ صفر-نو فیصد ہوگئی۔

اس میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ 2019 کے عام انتخابات میں 540، جبکہ 2024 میں صرف 40 پولنگ اسٹیشنوں پر ہی دوبارہ انتخاب کرائے گئے۔ کمیشن کے ایک بیان میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ کمیشن کی جانب سے از خود اٹھایا گیا یہ قدم، عوام کے اعتماد کو بڑھانا ہے، جو بھارت کے انتخابی نظام کی بنیاد ہے۔x

## AAP CONG

اسمبلی انتخابات سے پہلے دلّی میں عام آدمی پارٹی نے آج کانگریس پر الزام لگایا ہے کہ وہ آئندہ اسمبلی انتخابات میں جیتنے کیلئے BJP کی مدد کر رہی ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارٹی کے رہنما سنجے سنگھ نے کانگریس کے سینئر لیڈر اجے ماکن کی جانب سے عام آدمی پارٹی کے کنوینر اروند کجریوال کے خلاف تبصرہ کرنے پر اعتراض کا اظہار کیا ہے۔ جناب سنگھ آئی این ڈی آئی اے بلاک کی سے کہا ہے کہ اگر جناب ماکن کے خلاف کوئی کارروائی نہیں کی جاتی ہے تو کانگریس کو اتحاد سے ہٹا دینا چاہیے۔ دلّی کی وزیر اعلیٰ آتشی نے بھی اس معاملے پر کانگریس کی نکتہ چینی کی ہے۔

تاہم کانگریس نے عام آدمی پارٹی کی جانب سے لگائے گئے اِن الزامات کو مسترد کر دیا ہے۔

دلّی میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے کانگریس رہنما سندیپ دکشت نے دعویٰ کیا کہ آئندہ اسمبلی انتخابات میں عام آدمی پارٹی کو کوئی سیاسی پارٹی نہیں بلکہ دلّی کے عوام ہرائیں گے۔ x

## I&B MINISTER WAVES PLATFORM

اطلاعات اور نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے آج یہ اطلاع فراہم کی OTT ایپ Waves سے پروگرام ڈاؤن لوڈ کرنے والی کی تعداد 10 لاکھ سے تجاوز کرگئی ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری کئی پوسٹوں میں جناب ویشنو نے بتایا کہ یہ سنگ میل، بھارت کی ثقافتی بنیادوں سے اُس کے کبھی نہ ختم ہونے والے رشتے کو ظاہر کرتا ہے۔ انہوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ پرسار بھارتی کی جانب سے بھارت کا OTT پلیٹ فارم، سنہری یادوں کی اُن لہروں کو اپنے ساتھ لے آیا ہے، جس میں رامائن اور مہا بھارت جیسے یادگار شوز شامل ہیں اور ساتھ ہی اِس میں نئے عہد کے مشمولات بھی متوجہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس ایپ میں ہرنسل کیلئے تفریح کا سامان ہے، جن کا سلسلہ زمانے کی قید سے عاری سے لے کر تکنیکی اعتبار سے پسندیدہ خصوصیات تک جاتا ہے۔ x

## HC BSF RETIREMENT AGE

ہائی کورٹ نے بارڈر سکیورٹی فورس (BSF) کو Modified Assured Career Progression (MACP) اسکیم کے تحت تیسرے مالیاتی اپ گریڈیشن کے فوائد سروس میں 30 سال مکمل کرنے والے اہلکاروں تک پہنچانے کیلئے کارروائی کرنے کا حکم دیا ہے۔

ریٹائرڈ اہلکاروں کی جانب سے دائر کی گئی درخواست میں ان کی پنشن طے کرنے کیلئے MACP اسکیم کے تحت تیسرے مالیاتی اپ گریڈیشن کی منظوری کیلئے ان کی نمائندوں کو مسترد کرنے کو چیلنج کیا گیا ہے۔

وہ 60 سال کی عمر تک پہنچنے سے پہلے اپنے کیڈر میں 30 سال کی سروس کی تکمیل پر اسکیم کے فائدے میں توسیع کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے اپنی بنیادی تنخواہ اور پنشن پر نظرثانی کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

سال 2019 میں دلّی ہائی کورٹ نے کہا تھا کہ مختلف عہدوں کیلئے ریٹائرمنٹ کی دو مختلف عمروں کا ہونا امتیازی اور غیر آئینی ہے۔ عدالت نے تمام مرکزی مسلح فورسز (CAPF) کے اہلکاروں کیلئے 4 ماہ کے اندر، رینک سے قطع نظر، یکساں ریٹائرمنٹ کی عمر کی ہدایت دی تھی۔x

## RBI FREE AI

ریزرو بینک آف انڈیا نے مالیاتی سیکٹر میں مصنوعی ذہانت پر ذمہ دار اور اخلاقی عمل آوری کے فریم ورک FREE-AI کو وضع کرنے کی غرض سے آٹھ ممبروں پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی ہے۔ ایک سرکاری پریس ریلیز کے مطابق اِس کمیٹی کی صدارت ڈاکٹر پشپک بھٹاچاریہ کریں گے جو IIT بامبے میں کمپیوٹر سائنس اور انجینئرنگ کے شعبے کے پروفیسر ہیں۔ یہ کمیٹی مالیاتی خدمات میں عالمگیر اور بھارت دونوں ہی سطح پر مصنوعی ذہانت کی موجودہ سطح کو اختیار کرنے کا جائزہ لے گی۔ کمیٹی مصنوعی ذہانت سے وابستہ امکانی خطرات کی بھی نشاندہی کرے گی اور اِس کے تجزیے، تخفیف اور نظر رکھنے کے خاکے کی سفارش کرے گی۔ x

## TSUNAMI MEMRIAL DAY

پدوچیری اور کرائیکل میں مختلف مقامات پر آج 20واں سُنامی کا یادگار دن منایا گیا۔ لیفٹیننٹ گورنر کے کیلاش ناتھ اور وزیراعلیٰ این رنگا سامی نے Beach Road پر مہاتما گاندھی کے مجسمے کے نزدیک یادگاری تقریب کی قیادت کی۔ خراج عقیدت کے ایک حصے کے طور پر شرکاء نے سمندر کو دودھ اور پھول پیش کیے اور اُن افراد کی تصاویر پر گلدائرے رکھے، جنہوں نے 2004 میں آئے تباہ کن سنامی میں اپنی جانیں گنوا دی تھیں۔

سنامی کے سبب تمل ناڈو، پدوچیری ، آندھرا پردیش اور کیرالہ سمیت کئی ریاستوں میں بہت زیادہ نقصان ہوا تھا۔ پدوچیری میں 100 سے زیادہ افراد کی جانیں تلف ہوئی تھیں اور ہزاروں بے گھر ہو گئے تھے۔x

## IMD WEATHER

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اگلے دو دن میں شمال مغربی اور وسطی بھارت میں گرج چمک اور اولے گرنے کے ساتھ ہلکی سے درمیانی بارش کی پیش گوئی کی ہے۔ IMD نے مشرقی راجستھان، پنجاب، مشرقی مدھیہ پردیش، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلی اور مغربی مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، مراٹھواڑا، مغربی، راجستھان اور گجرات خطے کے بیشتر حصوں

میں کل گرج چمک کے ساتھ اولے گرنے کی پیش گوئی کی ہے۔محکمۂ موسمیات نے مزید معلومات دی ہے کہ ہماچل پردیش میں کل شدید سردی پڑنے کا امکان ہے۔ محکمے کے مطابق اگلے تین دن کے دوران مشرقی اور وسطی بھارت میں کم از کم درجۂ حرارت میں کچھ خاص تبدیلی ہونے کا امکان نہیں ہے۔

ملک کے شمال مغربی اور مغربی خطوں میں اگلے دو دن کے دوران کم از کم درجہ حرارت میں دو سے تین ڈگری سیلسیئس کا بتدریج اضافہ ہونے کا امکان ہے۔×

## UTTARAKHAND NATIONAL GAMES PROCESSIORY

اتراکھنڈ کے وزیراعلیٰ پشکر سنگھ دھامی نے آج نینی تال ضلعے کے ہلدوانی سے 38ویں نیشنل گیمس کے مشعل بردار جلوس کا افتتاح کیا۔ اس موقعے پر انہوں نے کہا کہ قومی کھیلوں کے لیے تیاریاں پورے زور و شور سے جاری ہیں۔

S/B - Pushkar Singh Dhami

مشعل بردار جلوس ہلدوانی سے شروع ہوگا اور 35 دن میں تین ہزار 823 کلومیٹر کا سفر طے کرے گا اور اتراکھنڈ کے تمام ضلعوں کے 99 مقامات تک پہنچے گا۔ اس کا مقصد قومی کھیلوں کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔×

## ODISHA HOCKEY INDIA LEAGUE 2024-25

سال 2024-25 ایڈیشن کیلئے ہاکی انڈیا لیگ (HIL) کا آغاز، کل سے اڈیشہ کے راؤرکیلا میں ہو رہا ہے، جو میزبانی کرنے والے شہروں میں سے ایک ہے۔ اِس لیگ کا افتتاحی میچ، دلّی SG Pipers اور Gonasika کے درمیان راؤرکیلا کے برسا منڈا ہاکی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ ٹورنامنٹ کی تیاری کیلئے 7 ٹیمیں پہلے شہر میں پہنچ چکی ہیں۔

Men's League دو مرحلوں میں کھیلی جائے گی۔ پہلا مرحلہ 28 دسمبر سے 18 جنوری تک جاری رہے گا، جس میں سبھی ٹیموں کا ایک دوسرے سے مقابلہ ہوگا۔

دوسرا مرحلہ 19 جنوری سے شروع ہوگا جہاں ٹیمیں دو Pools میں تقسیم ہوجائیں گی اور دوسرے Pools کے خلاف کھیلیں گی۔

اس مرحلے میں سرفہرست چار ٹیمیں، سیمی فائنل میں پہنچیں گی، جو 31 جنوری 2025 کو ہوگا، جہاں چار میچ رانچی میں ہوں گے، باقی کے سبھی میچ راؤرکیلا میں کھیلے جائیں گے۔ لیگ کا فائنل میچ یکم فروری 2025 کو ہوگا۔ x

**CRICKET IND AUS**

ملبورن میں آج بارڈر گاوسکر ٹرافی کے چوتھے ٹیسٹ میچ کے پہلے دن بھارت کے خلاف آسٹریلیا نے چھ وکٹ پر 311 رن بنائے تھے۔ اِس سے قبل آسٹریلیا نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا۔ پانچ میچوں کی سیریز میں دونوں ہی ٹیمیں ایک ایک میچ جیت چکی ہیں۔×

☆☆☆☆